4920CH34

# میرا سفر

پھر اک دن ایسا آئے گا
آنکھوں کے دیے بجھ جائیں گے
ہاتھوں کے کنول کُمھلائیں گے
اور برگِ زباں سے نُطق و صدا
کی ہر تِتلی اُڑ جائے گی
اک کالے سمندر کی تہہ میں
کلیوں کی طرح سے کھلتی ہوئی
پھولوں کی طرح سے ہنستی ہوئی
ساری شکلیں کھو جائیں گی
خوں کی گردش، دل کی دھڑکن
سب راگنیاں سوجائیں گی
اور نیلی فضا کی مخمل پر
ہنستی ہوئی ہیرے کی یہ کنی
یہ میری جنّت ، میری زمیں
اس کی صبحیں، اس کی شامیں
بے جانے ہوئے، بے سمجھے ہوئے
اک مُشتِ غبارِ انساں پر
شبنم کی طرح رو جائیں گی
ہر چیز بُھلادی جائے گی

© NCERT not to be republished

یادوں کے حسیں بُت خانے سے
ہر چیز اُٹھادی جائے گی
پھر کوئی نہیں یہ پوچھے گا
سرداؔر کہاں ہے محفل میں؟
لیکن میں یہاں پھر آؤں گا
بچّوں کے دہن سے بولوں گا
چڑیوں کی زباں سے گاؤں گا
جب بیج ہنسیں گے دھرتی میں
اور کونپلیں اپنی اُنگلی سے
مٹّی کی تہوں کو چھیڑیں گی
میں پتّی پتّی، کلی کلی
اپنی آنکھیں پھر کھولوں گا
سرسبز ہتھیلی پر لے کر
شبنم کے قطرے تولوں گا
میں رنگِ حنا آہنگِ غزل
اندازِ سخن بن جاؤں گا
رخسارِ عروسِ نو کی طرح
ہر آنچل سے چھَن جاؤں گا
جاڑوں کی ہوائیں دامن میں
جب فصلِ خزاں کو لائیں گی
رَہرو کے جواں قدموں کے تلے

© NCERT not to be republished

سوکھے ہوئے پتّوں سے میری
ہنسنے کی صدائیں آئیں گی
دھرتی کی سنہری سب ندیاں
آکاش کی نیلی سب جھیلیں
ہستی سے مِری بھر جائیں گی
اور سارا زمانہ دیکھے گا
ہر قصّہ مرا افسانہ ہے
ہر عاشق ہے سردارؔ یہاں
ہر معشوقہ سلطانہ ہے
میں ایک گریزاں لمحہ ہوں
ایّام کے افسوں خانے میں
میں ایک تڑپتا قطرہ ہوں
مصروفِ سفر جو رہتا ہے
ماضی کی صراحی کے دل سے
مستقبل کے پیمانے میں
میں سوتا ہوں اور جاگتا ہوں
اور جاگ کے پھر سوجاتا ہوں
صدیوں کا پرانا کھیل ہوں میں
میں مَرکے امر ہوجاتا ہوں!

سردارؔ جعفری

© NCERT not to be republished

# سوالوں کے جواب لکھیے

1. اس نظم میں شاعر نے زندگی کی کس حقیقت کو واضح کیا ہے؟

2. ہر عاشق ہے سردار یہاں
ہر معشوقہ سلطانہ ہے

مندرجہ بالا شعر میں سردار اور سلطانہ کون ہیں؟ شاعر نے ان دو ناموں کو بیان کر کے، کیا کہنے کی کوشش کی ہے؟

3. یہ نظم آپ کو کیسی لگی؟ لکھیے۔

© NCERT not to be republished